© rasailojaraid.com



طنزومزاح

ساغر اقبالی

# زبان میری ہے بات انکی

- یکم نومبر سے ادویات کی قیمتوں میں ساڑھے سات فیصد اضافہ۔ (ایک خبر)

اور دوائیں پھر بھی نمبر دو۔

- پولیس وردی والے ڈاکو۔ زمیندار کے گھر کا صفایا کر گئے۔ (ایک خبر)

ڈاکوؤں نے وردی پہن لی ہے یا وردی والے ڈاکو بن گئے ہیں!

- منچھر پہاڑ حاکم علی زرداری کو ۹۹ سالہ لیز پر دے دیا گیا۔ (ایک خبر)

جناب پورا ملک امریکہ کو لیز پر دے دیا گیا ہے۔ آپ پہاڑ کھود کر زرداری نکالنا چاہتے ہیں۔

- کابینہ کے اجلاس میں فاروق لغاری ہاتھ باندھے کر آتے ہیں۔ (اعجاز الحق)

کچے دھاگے سے بندھی چلی آتی ہے سرکار میری

- وعدے پورے نہیں ہوئے مولانا فضل الرحمن نے حکومت سے علیحدگی کی دھمکی دے دی۔ (ایک خبر)

لگدا اے نئیں پر شاید ہووے!

- گورنروں کی تنخواہیں اور الاؤنس بڑھانے کا فیصلہ (ایک خبر)

پنشنوں کی بڑھوتی گورنر لے گئے۔

- اقتدار کی نوراکشتی میں سپاہ صحابہ فریق نہیں بنے گی۔ (مولانا فاروقی)

اللہ کرے ایسا ہی ہو۔

- عوام نے ہمیں تقدیر بدلنے کا مینڈیٹ دیا ہے۔ (بے نظیر)

**تقدیر بناتی ہوں تقدیر نہیں بنتی      کھیر پکاتی ہوں کفگیر نہیں چلتی**

- بیوی نے تیل چھڑک کر حوالدار کو آگ لگادی۔ (ایک خبر)

حوالدار تھا یا طاعون کا چوہا؟

- (گوجرانوالہ) پیر نے مرید کی بیوی کو اغوا کر کے بغیر طلاق نکاح کیا۔ (ایک خبر)
- (کوٹ رادھا کشن) پیر نے تعویذ کے لئے آنے والی دوشیزہ کو بے آبرو کر دیا (دوسری خبر)

چوہو۔ ہور چوہو گئے!

- بے نظیر اقتدار کی خاطر پوری قوم کو تباہ کر سکتی ہیں۔ (پرویز الٰہی)

کسر کسی وی نئیں چھڈی

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com



- بے نظیر حکومت لانے کے ذمہ دار نواز شریف ہیں۔ (قاضی حسین احمد)

اور ولن کا کردار کس نے ادا کیا؟

- فرانس میں دوپٹے کے خلاف مسلمان طالبات کا مظاہرہ۔ پولیس تشدد۔ (ایک خبر)

اور پاکستان میں فہمیدہ ریاض۔ کشور ناہید۔ عاصمہ جہانگیر جیسی عورتوں کی دوپٹے کے خلاف بکواس!

- بے نظیر نے ایک سال میں ۱۹ یعنی ہر ۲۰ روز بعد ایک غیر ملکی دورہ کیا (عابدہ حسین)

**خیر سے دورے تو آپ کو بھی بہت پڑتے ہیں۔**

- "ایٹم بم بنا لیا گیا"۔ "رول بیک کر لیا" کون سا بیان درست ہے؟

(مولانا فضل الرحمن چیئرمین سٹینڈنگ کمیٹی خارجہ امور)

کس کو کہہ رہے ہو؟

- کوئی مسلمان۔ دوسرے مسلمان کا دشمن نہیں ہو سکتا۔ (ساجد نقوی)

آخر "تقیہ" بھی کوئی چیز ہے!

- پرمٹ ہولڈر جمعہ کے سوا ہر روز شراب لے سکیں گے (ایک خبر)

بے نظیر حکومت نے جمعہ کے تقدس کو ملحوظ رکھا ہے!

- وٹو کی بیٹی کا نکاح مولانا آزاد نے پڑھایا۔ (ایک خبر)

مولانا واقعی ہر پابندی سے آزاد ہیں۔

- پاکستان کو امریکہ کی نو آبادی بنا دیا گیا۔ (اپوزیشن)

پاکستان امریکہ کا ۵۳ واں صوبہ ہے؟

- فضل الرحمن نے بے نظیر کی حمایت نہ چھوڑی تو انہیں جماعت چھوڑنا پڑے گی۔ (اجمل قادری)

ہم اگر عرض کریں گے تو شکایت ہو گی۔

- ہفتہ صفائی لاکھوں روپے کا صفایا کر گیا۔ گندگی کے ڈھیر قائم دائم ہیں۔ (ایک خبر)

ہفتے پیسے **صاف کرنے** کے لئے ہی منائے جاتے ہیں۔

- وزیر خارجہ سردار آصف علی نیویارک کے برہنہ کلب میں بے حیا اور فاحشہ عورتوں کے ساتھ شامیں گذارتے ہوئے پائے گئے۔ (مشاہد حسین)

آپ بھی سردار آصف سنگھ کے ساتھ تھے کیا؟

- (جھنگ) تھانیدار نے رشوت لے کر ڈاکوؤں کو کھلا چھوڑ دیا (ایک خبر)

**کھاؤ اور ہمیں بھی کھلاؤ!**

- میاں نواز شریف "شریک وزیر اعظم" بن سکتے ہیں۔ (منو بھائی)

(بقیہ صفحہ ۶۲ پر)

© rasailojaraid.com